تبصرهٔ کتب

پیارے نبی کی پیاری زبان (عربی خط و کتابت کورس)

تالیف : مولینا عبدالرحمن طاہر سورتی، ادارہ تحقیقات اسلامی ۔

ترتیب و تہذیب : حافظ نذر احمد، پرنسپل شبلی کالج لاہور۔

ناشر : عربی خط و کتابت اسکول، نذر منزل، محمد نگر، لاہور۔

ضخامت و طباعت : کتابی سائز ۲۲۴ صفحات۔ سفید کاغذ، جلد پیپر بیک۔
طباعت آفسٹ۔

قیمت : مُکمل عربی خط و کتابت کورس مبلغ تیس روپیہ ۔
جدید عربی ایڈیشن مبلغ چالیس روپیہ ۔

مولانا طاہر سورتی کسی تعارف کے محتاج نہیں ۔ عربی زبان کی تدریس و ترویج میں وہ ایک منفرد مقام رکھتے ہیں ۔ موصوف نے عربی زبان سکھانے کے لئے اسباق کی شکل میں ایک کورس ترتیب دیا جس سے لاتعداد شائقین نے عربی زبان میں دستگاہ حاصل کی ۔

ہمارے ملک کے مشہور علم دوست حافظ نذر احمد، استاذ علوم اسلامی نے اس کورس کے متفرق اسباق کو جدید تہذیب و ترتیب کے ساتھ پچپن اسباق کے ایک مکمل کورس کی صورت میں پیش کیا ہے ۔ ان کا دعوی ہے کہ اس کی مدد سے کم و بیش پانچ ماہ کی مختصر مدت میں اس قدر عربی زبان آجاتی ہے کہ انسان اپنا مافی الضمیر عربی میں بیان کر سکتا ہے ، عربی میں خط و کتابت کے لائق ہوجاتا ہے ۔ ان کا یہ تجربہ کامیاب رہا ۔ اور کتاب کا پہلا اڈیشن پانچ ماہ کی قلیل مدت میں ختم ہو گیا ۔

کتاب کا دوسرا ایڈیشن ترمیم و اصلاح اور جدید عربی کے اضافہ کے ساتھ شائع کیا گیا ہے۔ اس میں خصوصیت کے ساتھ عربی اور افریقی ممالک جانے والے ڈاکٹر، انجینئر، مکینک اور ملازمت پیشہ اصحاب کے لئے نیز عازمین حج کے لئے ان کے خاص شعبے اور ضرورت کے الفاظ جدا جدا عنوانات کے تحت جمع کر دئے گئے ہیں۔ اس اعتبار سے یہ کتاب اردو میں اپنی نوعیت کی منفرد اور پہلی کتاب ہے۔

امید ہے قرآن و حدیث سے شغف رکھنے والے اردو خواں اصحاب اور بیرون ملک جانے کے خواہشمند افراد اس کورس سے فائدہ اٹھائیں گے۔

(احمد بشیر)

— ✶ —

HUSAIN LIB.

اظہار تشکر

ڈاکٹر شیر بہادر خان پنی متوطن ایبٹ آباد نے ادارہ کی لائبریری کو معارف، جامعہ، الضیاء، اسلامک کلچر جیسے علمی رسائل کے متفرق شمارے اور ان کی بعض مکمل جلدیں ھدیۃً عنایت فرمائی ہیں جو لائبریری کے شعبہ مجلات میں ایک مفید اضافہ ہے۔ ہم ڈاکٹر صاحب موصوف کی اس فراخدلانہ عنایت اور علمی تعاون پر از حد شکر گذار ہیں۔ (احمد خان۔لائبریرین)